ادبی دماغی ورزش۔سلسلہ (۵۲)

ڈاکٹر شمیم احمد صدیقی

C-2، نسیم منزل، مدح گنج، پولیس چوکی، سیتاپور روڈ، لکھنؤ۔226020

مرزا نثار علی بیگ فنا نظامی کانپوری کے درج ذیل اشعار کو دیئے گئے اشاروں کی مدد سے مکمل کیجئے۔

(۱) آزاد کیا خود کو زنداں سے .... نے
ذہنوں کو غلامی سے آزاد نہیں کرتے

اشارہ: زنداں جیل خانہ کو کہتے ہیں اور قیدی کو اسیر کہتے ہیں۔

(۲) بہت غم زدہ دل ہیں کلیوں کے لیکن
اصولاً انھیں .... پڑے گا

اشارہ: تبسم کا دوسرا نام مسکرانا ہے۔

(۳) ترکِ تعلقات کو اک لمحہ چاہئے
لیکن تمام .... مجھے سوچنا پڑا

اشارہ: ہمارے ملک میں اٹھارہ سال کی عمر والوں کو الیکشن میں ووٹ دینے کا حق ہے۔

(۴) ترکِ وطن کے بعد ہی قدرِ وطن ہوئی
برسوں مری .... میں دیوار و در پھرے

اشارہ: کمزور نگاہ والوں کو چشمہ لگانا پڑتا ہے۔

(۵) تجھے باغباں مبارک یہ ....خزاں رسیدہ
میں کسی کو کیا دکھاؤں یہ قفس نما نشیمن

اشارہ: وہی ہوا، وہی کوئل، وہی پپیہا ہے
وہی چمن ہے پر وہ باغباں چمن میں نہیں (چکبست)

(۶) جو لوگ .... دیکھتے ہیں
اپنا ہی قیاس دیکھتے ہیں

اشارہ: شریف لوگ ایسا لباس نہیں پہنتے جس کے اندر سے جسم جھلکتا ہو۔

(۷) زندگی نام ہے اک جہد مسلسل کا فنا
...........اور بھی تھک جاتا ہے آرام کے بعد

اشارہ: مسافر یا راستہ چلنے والے کو راہ رو بھی کہتے ہیں۔

(۸) ساحل کے تماشائی ہر ڈوبنے والے پر
افسوس تو کرتے ہیں ....نہیں کرتے

اشارہ: مدد کے ابتدائی اور آخری حرف سے پہلے ایک ایک الف کھڑا کر دیں۔

(۹) عمر تو کم ملی .... کو
زندگی خوبصورت ملی

اشارہ: موم بتی کو پڑھے لکھے لوگ اکثر شمع کہتے ہیں۔

(۱۰) ہم گلشنِ فطرت سے جینے کی ادا لیں گے
شاخوں سے لچک لیں گے، کانٹوں سے......لیں گے

اشارہ: آنا دہلوی ایک مشہور اُردو شاعرہ کا تخلّص ہے۔

(جوابات آئندہ ماہ کے شمارے میں ملاحظہ کریں)

(سلسلہ 51 کے جوابات صفحہ 7 پر)

OO